SL. No : CC

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 47 ]
Total No. of Questions : 47 ]

**CCE RF**
**CCE RR**

[ ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 8
[ Total No. of Printed Pages : 8

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 85-U**

**Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ + ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Regular Fresh + Regular Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 12. 04. 2017 ] [ Date : 12. 04. 2017

ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.

ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی (Objective) اور موضوعی (Subjective) قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 47 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشیئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔



RF+RR-0L1060

I. مندرجہ ذیل سوالات/ نامکمل بیانات میں سے ہر ایک کے لیے چار متبادل دیے گئے ہیں۔ ان میں سے صرف ایک صحیح یا مناسب ترین ہے۔ صحیح متبادل چُنیں اور حرف تہجی کے ساتھ مکمل جواب اپنے جوابی پرچہ میں لکھیں۔ $10 \times 1 = 10$

1. ریگولیٹنگ ایکٹ کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے

(A) ملک کو وفاقی ڈھانچہ عطا کرنے کے سلسلے

(B) مذہب کی بنیاد پر انتخابی حلقے کی تشکیل

(C) سُپریم کورٹ کا قیام عمل میں آیا

(D) صوبجات میں دوایوانی حکومتیں عمل میں لائی

2. گروپ - ***A*** کی فہرست میں لیڈروں اور گروپ - ***B*** میں اِن کے کردار کا رول دیا گیا ہے۔ جوڑ ملنے والے گروپ کو پہچانیں :

| | گروپ - ***A*** | | گروپ - ***B*** |
|---|---|---|---|
| a) | فرانسیس فرڈینینڈ | i) | روس کے صدر |
| b) | ہٹلر | ii) | آسٹریا کے شہزادے |
| c) | مسولینی | iii) | جرمنی کا آمر حکمران |
| d) | جوزف اسٹالن | iv) | اٹلی کا آمر حکمران |

| | ***a*** | ***b*** | ***c*** | ***d*** |
|---|---|---|---|---|
| (A) | ii | iii | iv | i |
| (B) | i | ii | iii | iv |
| (C) | iv | i | ii | iii |
| (D) | iii | iv | i | ii |

3. تنظیم اقوام متحدہ کا صدر دفتر واقع ہے

(A) پیرس (B) جنیوا

(C) واشنگٹن (D) نیویارک

4. دنیا میں امن کو قائم رکھنے کے لئے جمعیتِ اقوام نامی تنظیم کا آغاز ہوا مگر یہ نا کام رہی کیونکہ

(A) تنظیم اقوام متحدہ کا آغاز ہوا

(B) 1939ء میں دوسری عالمی جنگ شروع ہوئی

(C) پہلی عالمی جنگ ختم ہوئی

(D) امریکہ اور روس کے درمیان سرد جنگ شروع ہوئی

5. ''انسانی نسل ایک ہی ذات رکھتی ہے۔'' یہ قول کنڑا کے شاعر

(A) رنّا (B) پمپا

(C) جنّا (D) پونّا

6. نشان زدریو رویلی پروجیکٹوں کا صحیح جوڑ ملائیں۔




(A) 1 - تنگبھدرا، 2 - بھاکرا ننگل، 3 - کوسی

(B) 1 - ہیراکڈ، 2 - کوسی، 3 - بھاکرا ننگل

(C) 1 - بھاکرا ننگل، 2 - تنگبھدرا، 3 - ہیراکڈ

(D) 1 - کوسی، 2 - ہیراکڈ، 3 - تنگبھدرا

7. ہندوستان سے ابرق کی برآمدات میں کمی آگئی ہے کیونکہ

(A) اِس کی پیداوار میں کمی (B) اِس کی پیداوار میں اضافہ

(C) ابرق کے متبادلات دستیاب ہیں (D) ابرق غیر آہنی دھات ہے

8. ہندوستان کی معاشی منصوبہ بندی کے باوآدم

(A) سر ایم وشویشوریا (B) نارائن مورتی

(C) ڈاکٹر نارمن بورلاگ (D) ڈاکٹر پرتاب ریڈی

9. رامو مستقبل میں اپنی بیٹی کی شادی کے لئے رقم بچانا چاہتا ہے تو آپ کس قسم کا کھاتہ کھولنے کا مشورہ دینگے ؟

(A) بچت کھاتہ (B) مکرر ڈپازٹ کھاتہ

(C) چالتی کھاتہ (D) مقررہ ڈپازٹ کھاتہ

10. کئی ایک ممالک کی چیزیں ہندوستانی مارکٹ میں دستیاب ہونے کی وجہ

(A) آفاقیت (B) صنعتوں کا عمل

(C) خانگیانہ عمل (D) شہری عمل

II. مندرجہ ذیل سوالوں کا **ایک** جملے میں جواب دیں : 14 × 1 = 14

11. کال چکر کسے کہتے ہیں ؟

12. آزاد ہندوستان کے پہلے صدر کون تھے ؟

13. سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ''ہندوستان کے مردآہن'' کیوں کہتے ہیں۔

14. ڈاکٹر ڈی-ایم ننجنڈ پا کمیٹی کی تشکیل کیوں کی گئی ؟

15. ہندوستان کی خارجہ پالیسی کو بعض نے نہرو خارجہ پالیسی کہا ہے۔کیوں ؟

16. عوامی گروہ کیسے عوامی بھیڑ میں تبدیل ہوتی ہے ؟

17. چپکو تحریک کیوں شروع کی ؟

18. شمالی ہند کے میدان کومخلوط میدان کہاجاتا ہے ؟ کیوں ؟

19. دامودر دریا کو 'بنگال کا دریائے اشک' کیوں کہاجاتا ہے ؟

20. ہندوستان کے مغربی ساحل پرساحلی کٹاؤ بہت شدید ہے۔کیوں ؟

21. مانگرو کے جنگلات ساحلی علاقوں میں کیوں نظر آتے ہیں ؟

22. ڈاکٹر یم-ایس سوامی ناتھن کوسبز انقلاب کا باوآدم کہاجاتا ہے ؟ کیوں ؟

23. ''ہندوستان کی اصل ترقی کا مطلب قریوں کی ترقی ہے۔'' اِس کہاوت کوکس نے کہا ؟

24. آفاقیت سے اشیاء کی قیمتوں میں کمی آتی ہے۔کیسے ؟

III. مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : 15 × 2 = 30

25. دوعملی حکومت کے نظام کی صراحت کیجئے۔

26. کونسے علاقے ممبئی کرناٹک کہلاتے ہیں ؟

27. ''سوامی وویکانند نوجوانوں میں تحریک کی قوت تھے۔'' کیسے ؟ اِس کی تفصیل بتایئے۔

28. چین انقلاب کے اہم اسباب کیا کیا تھے ؟

یا

فاسشٹ کے خصوصیات بیان کیجئے۔

29. آبادی کے اضافہ سے درپیش ہونے والے مسائل کونسے ہیں ؟

30. دہشت گردی سے ہونے والے اثرات کو بیان کیجئے۔

31. جہیز ایک سماجی بُرائی ہے۔سمجھایئے۔

32. ''ہندوستانی زراعت مانسون کے ساتھ ایک جوا ہے۔'' وضاحت کیجئے۔

33. مٹی کے کھرچنے کے عمل کو تحفظ کرنا کیوں ضروری ہے ؟

34. ہندوستان میں برگ ریز جنگلات کی خصوصیات لکھئے۔

35. ریموٹ سِنسنگ ٹکنالوجی قدرتی آفات کی کیسے مدد کرتی ہے ؟

36. باغبانی ہندوستانی میدان میں انتہائی ترقی کر رہا ہے۔ سمجھائیے۔

37. دیہاتوں سے شہروں کو نقل مکانی کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل لکھئے۔

38. قومی آمدنی کے ذریعہ ترقی کا جانچنا مناسب نہیں ہے۔ کس طرح ؟

39. صنعت قائم کرنا ایک کٹھن کام ہوتا ہے ؟ کیوں ؟

IV. مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب چھ جملوں میں دیں : 6 × 3 = 18

40. 1857ء کی بغاوت میں اس عہد کے معاشی عوامل ذمہ دار تھے۔ وضاحت کیجئے ؟

یا

نقل وحمل اور ترسیل کے شعبوں میں ترقی نے ہندوستان کی جدوجہد آزادی کو مشعل راہ دکھائی۔ کیسے ؟

41. ہندوستان نے دنیا میں تخفیف اسلحہ کی اہمیت پر زور دیا ہے۔ کیوں ؟

یا

ہندوستان اور امریکہ کے درمیان آپسی دوستی ہے۔ بیان کیجئے ؟

42. چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے دستوری اور قانونی اقدامات کی وضاحت کیجئے۔

یا

بے روزگاری کو دور کرنے کے لئے حکومت کے اُٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں۔ تفصیل سے لکھئے۔

43. ہندوستان کے اہم بندرگاہیں کونسے ہیں ؟

یا

ہندوستان کے اہم صنعتی منطقے کونسے ہیں ؟

44. لامرکزیت کے نظریے میں مہاتما گاندھی کے گرام سوراجیہ کے تصور کو بیان کیجئے۔

یا

عوامی مالیہ اور انفرادی مالیہ کے درمیان فرق بتائیے۔

45. ہندوستانی ڈاک بینک، بینک کاروبار میں شامل ہے کیسے ؟ ثابت کیجئے۔

**یا**

زندگی بیمہ کیوں چاہیئے ؟

V. درج ذیل سوال کا جواب آٹھ جملوں میں لکھئے : 4

46. جدوجہد آزادی میں اعتدال پسند کا کردار بیان کیجئے۔

VI. 47. ہندوستان کے نقشے کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : 1 + 3 = 4

a) بمبئی ہائی

b) کونکن ساحل

c) بنگلورو

**نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 47 کی جگہ)**

ہندوستانی عوام کی زندگی پر ہمالیہ کے استعمال کیا کیا ہیں ؟ 4